حکومتِ پاکستان

(ریونیو ڈویژن)

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، مورخہ 24 دسمبر، 2024۔

نوٹیفکیشن

2024/(1)2071 SRO۔ کسٹمز ایکٹ، 1969 (مجریہ چہارم 1969)، سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 50، فیڈرل ایکسائز ایکٹ، 2005 کی دفعہ 40 اور انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (مجریہ XLIX 2001) کی دفعہ 237 کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو یہ ہدایت دیتا ہے کہ کسٹمز رولز، 2001 میں درج ذیل مزید ترامیم کی جائیں، جو مذکورہ دفعہ 219 کی ذیلی دفعہ (3A) کے تحت پہلے ہی نوٹیفکیشن نمبر S.R.O. 1618(1)/2024 مورخہ 21 اکتوبر، 2024 کے ذریعے شائع کی جا چکی ہیں، یعنی:

مندرجہ بالا قواعد میں:

(1) قاعدہ 91 کی جگہ درج ذیل شامل کیا جائے:

91"اطلاق۔ بورڈ ہر سال یکم نومبر کو معروف اخبارات میں اشتہار کے ذریعے ممکنہ اہل امیدواروں سے کسٹمز ایجنٹس کے لائسنس کے اجراء کے لیے مقابلے کے طریقہ کار کے تحت درخواستیں طلب کرے گا، جیسا کہ اس میں بیان کردہ شرائط وضوابط کے مطابق ہو گا:

بشرطیکہ ان قواعد کے تحت پہلی بار امتحان کی صورت میں، یہ امتحان اُس وقت کے بعد لیا جائے گا جب کسی تسلیم شدہ ادارے کی خدمات امتحانی کوالیفیکیشن کے انعقاد کے لیے حاصل کر لی جائیں۔"

(2) قاعدہ 93 کی جگہ درج ذیل شامل کیا جائے:

93"۔ تعلیمی قابلیت کا امتحان

(1) کسٹمز ایجنٹس لائسنس کے اجراء کے لیے تعلیمی قابلیت کا ایک امتحان ہو گا، جو ایک تسلیم شدہ ادارے کے ذریعے لیا جائے گا، جس کا اعلان دو معروف قومی اخبارات میں شائع شدہ اشتہار میں کیا جائے گا۔"

تعلیمی قابلیت کا یہ امتحان کسٹمز قوانین، متعلقہ ضوابط، قواعد و طریقہ کار، کمپیوٹر کی مہارت، اور کسٹمز کے کمپیوٹرائزڈ نظام سے متعلق علم پر مشتمل ہو گا، جیسا کہ ضمیمہ میں بیان کیا گیا ہے۔

موجودہ عبوری لائسنس کے حامل افراد کو ان قواعد کے تحت منعقد ہونے والے پہلے امتحان میں شرکت کرنا ہو گی، اور اگر وہ شرکت نہ کریں تو ان کے عبوری لائسنس خود بخود منسوخ تصور کیے جائیں گے۔ امتحان میں شرکت کے لیے دو مواقع ہوں گے، اور اگر دوسری بار بھی ناکام ہو جائیں تو عبوری لائسنس بلاک کر دیا جائے گا، تاہم تیسری اور آخری بار شرکت کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

کسی بھی درخواست کو لائسنس کے اجرا کے لیے اس وقت تک قابل غور نہیں سمجھا جائے گا جب تک کہ درخواست دہندہ تحریری امتحان میں کم از کم پچاس فیصد نمبر حاصل نہ کرے۔;"

(3) قاعدہ95 میں: ذیلی قاعدہ(1) میں، جہاں کہیں لفظ" دو "آیا ہے، وہاں" پانچ "کا لفظ شامل کیا جائے؛

اور ذیلی قواعد(9) اور(10) کو حذف کر دیا جائے؛

(4) قاعدہ96 کے ذیلی قاعدہ(1) میں:

(a) شق (c) کی جگہ درج ذیل شامل کیا جائے:

(c)"لائسنس کی پانچ سال کے لیے تجدید کے لیے فی سال دس ہزار روپے کی شرح سے تجدید فیس کی ادائیگی کا ثبوت؛"اور

(b) شق (d) میں پاکستان کسٹمز اکیڈمی(PCA) "کے الفاظ کے بجائے" کسٹمز اکیڈمی آف پاکستان "(CAP) کے الفاظ شامل کیے جائیں؛

(5) قاعدہ98 میں، ذیلی قاعدہ(1) کی تمہید میں، لفظ "in" کے بعد لفظ "erstwhile" شامل کیا جائے؛

(6) قاعدہ99 میں، ذیلی قواعد(1) اور(2) میں، جہاں کہیں" پاکستان کسٹمز اکیڈمی "(PCA) کا ذکر ہو، اس کی جگہ " کسٹمز اکیڈمی آف پاکستان "(CAP) شامل کیا جائے، اور جہاں لفظ" چھ "آیا ہو، وہاں" دو "شامل کیا جائے؛

(7) قاعدہ101 کے بعد درج ذیل نیا قاعدہ101 A شامل کیا جائے:

101A"۔ کسٹمز کمپیوٹرائزڈ نظام میں پوائنٹ اسکورنگ کا طریقہ کار۔

کسٹمز کا کمپیوٹرائزڈ نظام اس طرح ترتیب دیا جائے گا کہ درست تفصیل، درجہ بندی، قیمت، ماخذ، پیمائش کی اکائی وغیرہ کے متعلق پوائنٹ اسکورنگ کا نظام متعارف کرایا جا سکے، جو کہ وقت کے ساتھ ساتھ اور جمع کرائی گئی اعلانات کی تعداد کی بنیاد پر کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹ کے لیے نافذ ہو گا۔"

(8) قاعدہ102 میں

: (i) شق (o) کے آخر میں موجود لفظ" یا "کو حذف کر دیا جائے؛

(ii) شق (p) کے بعد، آخر میں موجود فل سٹاپ کو سیمی کولن؛ اور لفظ" یا "سے تبدیل کیا جائے، اور اس کے بعد درج ذیل نئی شق شامل کی جائے:

(q)"مندرجہ بالا خلاف ورزیوں کے باوجود، کسٹمز کمپیوٹرائزڈ نظام کو اس طرح ترتیب دیا جائے گا کہ لائسنس یافتہ افراد کی غلط بیانی اور جھوٹے بیانات کی خلاف ورزی کے لیے پوائنٹ سسٹم متعارف کرایا جا سکے، جس کے تحت مجموعی 50 پوائنٹس میں سے پوائنٹس کی خودکار کٹوتی بطور سزا کی جائے گی۔ اگر مجموعی پوائنٹس صفر پر آ جائیں، تو لائسنس کو بلاک کر دیا جائے گا اور قاعدہ102 کے ذیلی قواعد(2)،(3)،(4) اور(5) کی روشنی میں منسوخی، واپسی یا بحالی کی کارروائی کسٹمز کمپیوٹرائزڈ نظام کے تحت شروع کی جائے گی۔"

(9) قاعدہ105 کے بعد، درج ذیل نیا قاعدہ105 A شامل کیا جائے:

105A۔ لائسنس بلاک کرنا

درج ذیل صورتوں میں لائسنس بلاک کر دیا جائے گا اور کسٹمز کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں منسوخ یا رد کرنے کی کارروائی شروع کی جائے گی، یعنی:

(a) اگر کسٹمز کمپیوٹرائزڈ نظام میں دیئے گئے مجموعی پوائنٹس صفر پر آجائیں؛ اور

(b) اگر گزشتہ ایک سال کے دوران کوئی بھی گڈز ڈیکلریشن داخل نہ کیا گیا ہو اور لائسنسنگ اتھارٹی کے سامنے شناخت اور تصدیق کے لیے پیش ہونے میں ناکامی ہو۔"

(10) قاعدہ A105۔ کے بعد، درج ذیل ضمیمہ شامل کیا جائے:

ضمیمہ

(قاعدہ 93 دیکھیں)

کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹس لائسنس کے ٹیسٹ کا نصاب (قاعدہ 93، کسٹمز رولز 2001)

1۔ کسٹمز ایکٹ 1969:

(a) کسٹمز دستاویزات پر کرنا؛

(b) گڈز ڈیکلریشن کی اقسام؛

©ڈیوٹی اور ٹیکسز کی معطلی کا نظام (Suspensive Regime)؛

(d) عدالتی کارروائی؛

(e) مال کی قیمت اور درجہ بندی؛

(f) جرائم اور سزائیں؛ اور

(g) رعایتیں اور استثنیٰ۔

2۔ کسٹمز قواعد:

(a) بیگیج کے قواعد؛

(b) حکومتی واجبات کی وصولی؛

(c) ویئرہاؤسنگ کے قواعد؛

(d) ٹرانس شپمنٹ اور ٹرانزٹ:

(e) کلیئرنگ ایجنٹس کی ذمہ داریاں۔

3طریقہ کار:

(a) جانچ پڑتال اور تشخیص

(b) نظر ثانی اور اپیلیں؛

(c)ری ہیٹ کلیمز کا اندراج؛

(d) مراعات یافتہ افراد کے لیے درآمد؛اور

(e) دستاویزات میں ترمیم۔

4 ۔ہم آہنگ شدہ ٹیرف کی درجہ بندی کے نظام کا بنیادی علم

5۔ متعلقہ تجارتی قوانین:

(a) درآمدی پالیسی آرڈر—پابندیاں اور ممانعتیں؛

(b) برآمدی پالیسی آرڈر—پابندیاں اور ممانعتیں؛

(c)اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا فارن ایکسچینج مینوئل (باب 12 اور 13)؛اور

(d)اینٹی ڈمپنگ اور کاؤنٹر ویلننگ ڈیوٹی۔

6۔ ہمسایہ ممالک اور بڑے تجارتی شراکت داروں کے بارڈر طریقہ کار:

(a)ترجیحی تجارتی معاہدے ؛اور

(b)آزاد تجارتی معاہدے ۔

7۔ کمپیوٹر میں مہارت:

(a) ایم ایس آفس (انٹر میڈیٹ درجہ کی)؛

(b) ای میل؛اور

(c) ویب براؤزنگ اور انٹرنیٹ کا استعمال۔

8 ۔ کسٹمز کا کمپیوٹرائزڈ نظام:

ویب بیسڈ ون کسٹمز (WeBOC) اور پاکستان سنگل ونڈو سے مناسب واقفیت۔

9 ۔کاروباری طریقہ کار کی اخلاقیات

10 مجوزہ ماخذ

(i) کسٹمز ایکٹ، 1969؛

(ii) کسٹمز ایکٹ 1969 کا پہلا شیڈول؛

(iii) کسٹمز رولز 2001—پاکستان کسٹمز لاز جلد دوم (متعلقہ ابواب)۔

(iv) امپورٹ پالیسی آرڈر، 2022 (یا جو نافذ العمل ہو)؛

(v) ایکسپورٹ پالیسی آرڈر، 2022 (یا جو نافذ العمل ہو)؛

(vi) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا فارن ایکسچینج مینوئل (2020 تک ترمیم شدہ)؛

(vii) ایف بی آر / فیڈرل بورڈ آف ریونیو - حکومت پاکستان ((https://fbr.gov.pk)[fbr.gov.pk]) ؛

(viii) پاکستان سنگل ونڈو ((https://psw.gov.pk)[psw.gov.pk]) ؛

(ix) ون-کسٹمز (پیپر لیس گڈز ڈیکلریشن پروسیسنگ سسٹم) ((https://weboc.gov.pk)[weboc.gov.pk]) ؛اور

(x) وزارت تجارت / حکومت پاکستان ((https://commerce.gov.pk)[commerce.gov.pk]) ۔

[C.No.1(7)L&P/2006-Pt]

(ذاکر محمّد)

سیکرٹری (لا اینڈ پروسیجر)